02/06/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  بصارت غل سے خبریں سُنئے

ملاقات LG

بی جے پی کے ترجمان گورو گپتا نے لیفٹیننٹ گورنرمنوج سنہا سے ملاقات کی اور مختلف امور پر ایل جی کے ساتھ تبادلہ خیال کیا ۔دریں اثناءسماج سُدھار سمیتی ٹرسٹ کے نمائندوں نے بھی لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کی اور انہیں ٹرسٹ سے متعلق معاملات کی جانکاری فراہم کی۔

یر جاوید احمد رانا

اس بیچ پونچھ کے یومیہ اُجرت پر کام کرنے والوں اور پونچھ کسان خدمت گھر کے وفود نے جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا سے ملاقات کی اور آپنے مسائل سے انہیں آگاہ کیا۔
وزیرموصوف نے اُن کے مسائل کو بغور سُنا اور اُنہیں یقین دِلایا کہ اُن کے مسائل پر غور وخوض کر کے مناسب کارروائی کی جائے گی۔

جتیندر سنگھ

بھدرواہ میں لیونڈر کی کامیاب کاشت کے حوالے سے ایک فسٹیول کا انعقاد کیا گیا ۔ اس فسٹیول میں ملک کے سٹارٹ اَپس کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی ۔مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے فسٹیول میں مہمانِ خصوصی کے طور شرکت کی ۔ بھدرواہ میں لیونڈر کی کاشت اور اس کے ڈائریکٹر ڈاکٹر زَبیر احمد کو مبارک باد دیتے  CSIR-IIIM فسٹیول کی کامیابی پر انہوں نے ہوئے اس فسٹیول کے حوالے سے کہا ۔

-------

کھیر بھوانی

تولہ مولہ گاندربل میں کل سے منعقد ہونے والے سالانہ کھیر بھوانی میلے کے لئے حفاظت سمیت تمام تر انتظامات مکمل کئے گئے ہیں ۔ ہندو مسلم بھائی چارے کی علامت والے اس میلے میں ہر سال کی طرح اس بار بھی بڑی تعداد میں شردھالوں کی شرکت کی توقع ہے ۔اُدھر سخت حفاظتی انتظامات ، مذہبی جوش و خروش کے بیچ آئی جی پی جموں بھیم سین توتی نے انتظامیہ کے کئی اعلیٰ افسران کی موجودگی میں ماتا کھیر بھوانی یاتریوں کے پہلے جتھے کوجموں سے جھنڈی دکھا کر روانہ کیا ۔اس بیچ ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے تولہ مولہ گاندربل میں استھاپن پر پہنچے شردھالوں کا گرم جوشی سے استقبال کیا ۔

دریں اثناءکئی کشمیری پنڈت شردھالوں نے اس میلے کے حوالے سے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا ۔

-------

جاوید احمد ڈار

زراعت، دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے وزیر جاوید احمد ڈار نے بارہمولہ کے رفیع آباد علاقے کے ژالہ باری سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا۔ انہوں نے فصلوں کوہوئے نقصانات کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ متاثرہ کسانوں سے ملاقات کی ۔وزیر نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ نقصان کا فوری جائزہ لیا جائے اور بروقت امدادی اقدامات شروع کئے جائیں۔ اُنہوں نے اس بات کا اعادہ بھی کیا کہ کسانوں کی فلاح و بہبود حکومت کی اوّلین ترجیح ہے۔

کرشی سنکلپ ابھیان

ملک میں12جون تک جاری رہنے والی 15روزہ وکست کرشی سنکلپ ابھیان ان دنوں شد و مد سے جاری ہے ۔ اس مہم کے دوران کسانوں میں کاشت کاری کے جدید طور طریقوناور اعلیٰ پید ا وار دینے والے بیجوں کے فوائد سے متعلق بیداری پیدا کی جا رہی ہے ۔

ڈائریکٹر ہارٹیکلچر کشمیر وِکاس آنند نے وکست کرشی سنکلپ ابھیان کو کسانوں کے لئے انتہائی اہمیت کا حامل قرار دیا ہے ۔

بائیسکل ڈے

ورلڈ بائیسکل ڈے اور فٹ انڈیا موومنٹ کے ایک حصے کے طور پر وادی کے پلوامہ اور بارہمولہ اضلاع میں انتظامیہ کی طرف سے سائکل ریس کا اہتمام کیا گیا ۔ ” سنڈے آن سائیکل “ کے عنوان کے تحت نوجوانوں کی ایک کثیر تعداد نے سائکلنگ میں شرکت کی۔ اس اقدام کا مقصد

سائیکلنگ کو فروغ دے کر جسمانی فٹنس ، ماحول دوست نقل و حمل اور کاربن کے اخراج کو کم کرنے کے طریقوں کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔

درجہ حرارت

رینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 9 اعشاریہ 9ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 22 اعشاریہ 5 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ